Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

QUR'AN · SOLUTIONS TO YOUR PROBLEMS

Obedient

فرماں بَرْدَاری

وَلِلّٰهِ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى فَادْعُوْهُ بِهَا۔۔۔

WALILLAAHI AL-ASMAA'U AL-HUSNAA FAD'OOHU BIHAA...

And Allah's are the best names, therefore call on Him thereby...

اور اللہ ہی کے لئے بہترین نام ہیں لہذا اسے ان ہی کے ذریعہ پکارو۔۔۔

> Reciting this zikr 1079 times during daytime or night is beneficial to make the rebellious soul obedient and for the acceptance of dua...

> دن و رات کے اوقات میں سے کسی بھی وقت کا 1079 مرتبہ اس ذکر کا ورد کرنا سرکش نفس کو مطیع بنانے اور قبولیت دعا کے لئے مفید ہے۔۔۔

يَا مَنْ ذَلَّ كُلُّ شَيْءٍ لِوَحْدَانِيَّتِهِ

YAA MAN ZALLA KULLU SHAY'IN LIWAHDAANIYYATIH

O One before whose Oneness everything is humbled and submits.

اے وہ ذات کہ جس کی وحدانیت کے سامنے ہر چیز عاجز اور جھک جاتی ہے۔

> If any person on the Eve of Friday writes YAA LATEE-FO on 20 morsels (bites) and eats them, then the creatures will be obedient to him.

> اگر کوئی شخص شب جمعہ نان کے 20 لقموں پر ''یَالَطِیفُ'' کو لکھ کر کھالے تو خلائق اس کے مطیع و فرمانبردار ہوں گے۔

Free to read, copy and share

It is reported from Imam Reza (a) that any person wants to kill the desires or wants to control them then reciting YAA BAA'E-SO 500 times daily for 7 days.

حضرت امام رضاؑ سے منقول ہے کہ جو شخص اپنے نفس کو مارنا چاہے یا چاہتا ہو کہ نفس کو اپنا مطیع بنالے تو اس کو چاہئے کہ ایک ہفتہ تک ہر روز 500 مرتبہ ''یَابَاعِثُ'' کا ورد کرے۔

For a disobedient wife or son, one should recite YAA SHAHEE-DO 20 times daily inshallah very soon will be obedient.

اگر کسی کے بیوی یا بیٹے میں سے کوئی نافرمان ہو تو اسے چاہئے کہ روزانہ 20 مرتبہ ''یَاشَھِیْدُ'' کا ورد کیا کرے۔ انشاء اللہ بہت جلد فرمانبردار بن جائیں گے۔

It has been reported from Imam Reza (a) that if any person's inner self (nafs'e ammarah) is out of control and if he wants to control it, he should keep his hand on his chest while sleeping at night and recite YAA MUMEE-TO 100 times inshallah his purpose will be solved.

حضرت امام رضاؑ سے منقول ہے کہ جس شخص کا نفس امارہ اس پر غالب آچکا ہو تو اگر وہ نفس کو اپنا مطیع بنانا چاہے تو اس کو چاہئے کہ وہ رات کو سوتے وقت اپنے سینے پر ہاتھ رکھ کر 100 مرتبہ ''یَا مُمِیْتُ'' کا ورد کرے اور ورد کرتے کرتے سوجائے تو بہت جلد اپنے مقصود میں کامیاب ہوجائے گا۔

Reciting YAA MUQADDE-MO frequently is beneficial and effective for making oneself (nafs) to be disciplined and obedient to Allah (swt).

''یَا مُقَدِّمُ'' کا بہت زیادہ ورد کرنا نفس کو اطاعت الٰہی میں مطیع و فرمانبردار بنانے میں مفید و مؤثر ہے۔

To make self (nafs) obedient reciting YAA MU-AKH-KHERO is beneficial.

نفس کو مطیع بنانے کے لئے بھی ''یَامُؤَخِّرُ'' کا ورد مفید ہے۔

According to a saying to make people obedient and disciplined reciting YAA WAALIY-YO 11 times is beneficial.

ایک قول کے مطابق لوگوں کو مطیع و فرمانبردار بنانے کے لئے ''یَا وَالِیُ'' کا گیارہ مرتبہ ورد مفید ہے۔

Free to read, copy and share

> Whisper prayer Obedient (https://fzic.org/library/dua/obedient-1299)

مناجاتِ مطیعین للہ (https://fzic.org/library/dua/obedient-1299)

Printed from https://fzic.org/library/quran/obedient-3972 — the devotional library of the Fatima Zahra Imamia Centre, 80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305. Free to read, copy and share.